سوال

(84) وجادلھم ۔۔۔۔ کی ضمیر کا مرجع

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ارشاد باری تعالی :

ادْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ ۖ وَجَادِلْهُم بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ (النحل ۱۶/۱۲۵)

''(اے پیغمبر) لوگوں کو دانش اور نیک نصیحت سے اپنے پروردگار کے راستے کی طرف بلاوا اور بہت ہی اچھے طریقے سے ان سے بحث (مناظرہ) کرو۔''

میں وجادلھم کی ضمیر کا مرجع کون لوگ ہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اس ضمیر کا مرجع مدعوین (وہ لوگ جن کو دعوت دی جارہی ہو) ہیں۔ معنی یہ ہیں کہ لوگوں کو اپنے پروردگار کے رستے کی طرف بلاوا اور ''وجادلھم'' کی ضمیر کا مرجع مدعوین ہیں خواہ وہ مسلمان ہوں کیا کافر، اس کی مثال حسب ذیل ارشاد باری تعالی ہے :

وَلَا تُجَادِلُوا أَهْلَ الْكِتَابِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ (العنکبوت ۲۹/۴۶)

''اور اہل کتاب سے جگڑا نہ کرو مگر ایسے طریقے سے کہ نہایت اچھا ہو۔''

اہل کتاب سے مراد کفار یہود و نصاری ہیں، ان سے جھگڑا جائز نہیں مگر ایسے طریق سے جو بہت اچھا ہو۔ ہاں البتہ ان میں سے جو ظالم ہوں تو ان کے ساتھ معاملہ اسی طرح ہوگا جس کے وہ مستحق ہوں گے۔

فتاوی مکیہ